**شہید صدر جنرل محمد ضیاء الحق** | از راجہ محمد شریف صاحب ملنے کا پتہ : زاہد اکیڈیمی ۔ رائے شوگر ملز کالونی ۔ جوہر آباد ، سرگودھا ۔ دبیز نفیس کاغذ کے ۱۱ صفحوں میں مؤلف نے شہید ضیاء الحق کو منظوم خراج پیش کیا ہے ۔ طباعت و کتابت خوب صورت ہے ۔ وہ شخص جس کی زندگی میں کئی اطراف سے سنگ باری ہوتی رہی، آج اُس پہ پھولوں کی چادریں بھی اور شعروں کے گلدستے بھی نچھاور کیے جا رہے ہیں ۔

---

**الحدید** | مدیر محمد اکرام قریشی ۔ مقامِ اشاعت : ۱۰۲ مرغزار کالونی ، گجرات ۔ دفتر رابطہ : الحدید ، گجرات روڈ ، جلال پور جٹاں ۔ قیمت فی پرچہ ۔/۱ روپیہ

الحدید کے نام کی مناسبت نہ صرف یہ ہے کہ یہ آہنی مشینوں سے کام لینے والے ایک صنعتی شہر سے نکلتا ہے ۔ بلکہ یہ بھی کہ غلبۂ حق کے لیے انسان کو حدیدی صفات کے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہیئے ۔ رسالے میں حالاتِ حاضرہ ، اپنے علاقائی مسائل ، اہم ملکی معاملات ، دینی حقائق پر بحثیں اور پاکیزہ نظمیں شامل ہوتی ہیں جن کا مقصد فلاح و تعمیر ہے ۔

---

**پردہ ایک اسلامی شعار** | از جناب محمد اکرام قریشی ایم اے ۔ ناشر : احیائے دین لائیبریری ، سیالکوٹ

صفحات : ۱۶ ۔ (مفت تقسیم)

چھوٹے سے پمفلٹ میں بہت اچھا قابلِ غور مواد اور حوالے جمع کر دیئے گئے ہیں ۔ یعنی مختلف صحافیوں کی کاوشیں یکجا ملیں گی ۔

---

**حیات النبیؐ ایک نظر میں** | از محمد اکرام قریشی ایم اے ۔ ناشر : احیائے دین لائیبریری ، سیالکوٹ ۔

سیرت پاک کی بہت اچھی تلخیص ۔ مقصد تبلیغ ۔

**فیصلہ کیجیے** | از : مولانا راحت گل ۔ شائع کردہ : مرکز علومِ اسلامیہ پاکستان ، راحت آباد ، پشاور ۔ ۶ صفحات ۔

مبحث تو گزشتہ انتخابات کے بارے میں پہلے سے رہنمائی دینے کا تھا ۔ مگر اب بھی مختلف گروہوں اور عناصر کے متعلق رہنمائی مل سکتی ہے ۔

---